# خلاصہ خطبہ جمعہ مورخہ 30 مئی 2025 بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشہد و سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ النور کی آیت ۵۴ تا ۵۷ کی تلاوت فرمائی۔ فرمایا خلافت کو قائم ہوئے ۱۱۷ سال ہو گئے ہیں۔ حضور انور نے بعض خلافت سے متعلق آنحضرت ﷺ کی پیشگوئیوں کا ذکر کی۔ پھر فرمایا ان آیات میں مسلمانوں کو خلافت کا وعدہ دیا گیا۔ پس ہم احمدیوں کو اب اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ ہم نے حضرت مسیح موعود کو مان کر اللہ تعالیٰ کے حکموں کو ماننے کا عہد کیا ہے، اس عہد کی ایک شرط یہ ہے کہ ہم ہمیشہ خلافت سے جڑے رہیں گے، تبھی ہم اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث بنتے رہیں گے۔

اللہ اور رسول کی اطاعت سے خلافت حاصل ہوتی ہے، جو لوگ اطاعت نہیں کریں گے وہ الگ ہوتے جائیں گے۔ ایمان اور اعمال صالح کی شرط ہے تا خلافت سے مستفید ہوتے رہیں۔ پس خلافت کی اطاعت کرنا ہر احمدی کا فرض ہے۔ خدا تعالیٰ دلوں کو پھیرتا ہے اور یہی تائید الٰہی ہے جس کا نظارہ ہم نے ہر خلافت میں دیکھا ہے۔ دشمنوں کے مظالم کے باوجود جماعت بڑھتی جا رہی ہے، لوگوں کے ایمان میں ترقی ہوتی چلی جا رہی ہے۔ دور دراز کے ملکوں میں بھی جماعت پھیلتی چلی جا رہی ہے۔

ہمارے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ ہم شرک سے بچے رہیں، تکبر وانا سے بچے رہیں، پس اگر ہم نے خلافت سے حقیقی فیض پانا ہے تو ہمیں ہر قسم کے شرک سے بچنا ہو گا، نماز کا قیام کرنا ہے، زکوۃ کی ادائیگی کرنی ہے۔

قیام صلوۃ کی تشریح کرتے ہوئے حضرت مصلح موعودؓ نے ایک جگہ فرمایا کہ صلوۃ کا بہترین حصہ جمعہ ہے جس میں امام خطبہ پڑھتا ہے اور نصائح کرتا ہے اور خلیفہ وقت دنیا کے حالات دیکھتے ہوئے دنیا کی مختلف قوموں کی وقتاً فوقتاً اٹھتی ہوئی اور پیدا ہوتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر نصائح کرتا ہے، جس سے قومی وحدت اور یکجہتی پیدا ہوتی ہے، خلیفہ وقت سب کا قبلہ ایک طرف رکھتا ہے۔

اسلامی تاریخ اور آنحضرت ﷺ کی سیرت سے لوگوں کو سبق مل رہا ہے اور تاریخ کا بھی پتا چل رہا ہے، دنیا کے ۲۱۵ ممالک میں رہنے والا ہر احمدی خلافت کے ذریعہ ایک اکائی میں پرویا ہوا ہے۔ ایک نظام میں رہتے ہوئے امیر ممالک سے زکوۃ لیکر غریب ممالک میں تقسیم کی جاتی ہے۔

دنیا ایک فتنہ اور فساد میں پڑی ہوئی ہے اگر انہوں نے اب بھی اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ نہ کی تو ایک تباہی ان کی طرف آنیوالی ہے، پس احمدیوں کو یہ بھی کوشش کرنی چاہیے کہ دنیا کو بھی اس تباہی سے بچائیں اور اس کیلئے کوشش یہ ہے کہ دنیا کو اللہ کی طرف بلانے کیلئے ہر کوشش کرنیوالے ہوں۔

ہم میں سے ہر ایک کا کام ہے اللہ کے فیض سے فائدہ اٹھانے کیلئے ہم اپنے دلوں، دنیا کے اور اپنی نسلوں کے دلوں میں بھی خدا کی عظمت بٹھانے والے ہوں، عملی طور پر خدا تعالیٰ کی توحید کا اظہار کرنیوالے ہوں، بنی نوع انسان سے سچی ہمدردی کرنیوالے ہوں، دلوں کو بغض اور کینہ سے پاک کرنیوالے ہوں، ہر ایک نیکی کی راہ پر قدم مارنے والے ہوں، اپنے ایمانوں کی حفاظت کرنیوالے ہوں، کامل اطاعت کا نمونہ دکھانے والے ہوں اور ایمان میں ترقی کرتے چلے جانیوالے ہوں تاکہ خدا تعالیٰ کے نزدیک ہمارے قدم صدق کے قدم شمار ہوں اور ہم اس کے وعدوں سے فیض پانے والے بنیں، اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے کہ ہم میں سے ہر فرد خلافت احمدیہ کے قائم رکھنے کیلئے ہر قربانی کیلئے تیار رہے، اور ہم جو عہد کرتے ہیں انہیں پورا کرنیوالے ہوں اور اپنی زندگیوں میں اللہ کی واحدانیت کا جھنڈا دنیا میں لہراتا دیکھیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی اصلاح کی بھی توفیق دے۔ آمین

آخر میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دو نماز جنازہ غائب کا اعلان فرمایا۔

۱۔ کرنل ڈاکٹر پیر محمد منیر صاحب -۲- سلیمہ زاہد صاحبہ (کینیڈا)۔ اللہ تعالیٰ مرحومین سے رحمت اور مغفرت کا سلوک فرمائے۔ آمین

## خطبہ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَن یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلاَ مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلاَ ھَادِیَ لَہٗ ۞وَاَشْھَدُ أَنْ لَآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ۞ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ۞عِبَادَاللّٰہِ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ ۞اِنَّ اللّٰہَ یَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ ۞ اُذْکُرُوا اللّٰہَ یَذْکُرْکُمْ وَادْعُوْہُ یَسْتَجِبْ لَکُمْ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ ۞